تنظیمِ اسلامی مرکزی شعبہ نشرواشاعت
K/36 ماڈل ٹاؤن لاہور-فون 3-042-35869501 -042-3586304 فیکس 042-35834000
E-mail: media@tanzeem.org, Website:www.tanzeem.org

تنظیم اسلامی

# پریس ریلیز

22-مئی2020ء

## کابل ہسپتال میں مغرب کی تیار کردہ دہشت گرد تنظیم داعش نے درندگی کا مظاہرہ کیا — حافظ عاکف سعید

لاہور (پ ر) کابل ہسپتال میں مغرب کی تیار کردہ دہشت گرد تنظیم داعش نے درندگی کا مظاہرہ کیا۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر حافظ عاکف سعید نے ایک بیان میں کہی۔ اُنھوں نے کہا کہ امریکہ کے صدر ٹرمپ یہ انکشاف کر چکے ہیں کہ دہشت گرد تنظیم داعش امریکہ کی سابقہ حکومتوں کی سرپرستی میں بنائی گئی تھی۔ اُنھوں نے کہا کہ افسوس اور دُکھ کی بات یہ ہے کہ امریکہ تو خود تسلیم کر رہا ہے کہ ہسپتال میں اس وحشیانہ فعل کے افغان طالبان ذمہ دار نہیں ہیں خود افغان طالبان نے بھی اس درندگی کی شدید مذمت کی ہے لیکن اس کے باوجود ہمارے سیکولر کالم نویس زبردستی اِس غیر انسانی فعل کو افغان طالبان کے کھاتے میں ڈال رہے ہیں۔ درحقیقت ملک کے سیکولر عناصر اِس غصہ میں مرے جا رہے ہیں کہ امریکہ کو شکست دینے کے بعد افغان طالبان افغانستان میں برسرِ اقتدار آ جائیں گے۔

اقلیتوں کے حقوق کا ذکر کرتے ہوئے امیر تنظیم نے کہا کہ درحقیقت خود مسلمان نہیں جانتے کہ اسلام نے غیر مسلموں کو کس قدر حقوق دیے ہیں۔ اسلامی ریاست غیر مسلموں کی عبادت گاہوں کی حفاظت کی اُسی طرح ذمہ دار ہے جیسے مساجد کی حفاظت کی ذمہ دار ہے۔ مسلمانوں پر اگر زکوٰۃ کی ادائیگی فرض ہے تو غیر مسلم جزیہ ادا کریں گے۔ غیر مسلم ہونے کی وجہ سے اُس کی جان، مال اور عزت سے نہیں کھیلا جا سکتا۔ ریاست سب کی جان، مال اور عزت کی حفاظت کی ذمہ دار ہے۔ غیر مسلم اسلام کے عطا کردہ حقوق کے حصول کے لیے عدالتوں سے بھی رجوع کر سکتے ہیں۔

اُنھوں نے حکومت کو متنبہ کیا کہ وہ عالمی طاقتوں یا اُن کی لے پالک یو این او کے دباؤ میں آ کر غیر مسلموں کو وہ حقوق نہ دے جس کی اسلام اجازت نہیں دیتا۔ اُنھوں نے کہا کہ ہم کسی اقلیت کے ساتھ امتیازی اور غیر اسلامی سلوک کے حق میں نہیں ہیں لیکن اقلیتوں کے لیے قائم کردہ کمیشن کا مینڈیٹ ہرگز یہ نہیں ہونا چاہیے کہ وہ جو چاہے فیصلہ کرے بلکہ اُسے غیر مسلموں کو شریعت محمدی ﷺ کے دائرے کے اندر حقوق کی ادائیگی کا واضح طریقہ کار وضع کرنا ہوگا۔ اُنھوں نے کہا کہ یہ بھی ظلم ہوگا اگر اقلیتوں کے حقوق کی آڑ میں مسلمانوں کے حقوق تلف کیے جائیں۔ درحقیقت اسلام عدل و انصاف کا قائل ہے لہٰذا مسلمانوں کا رویہ بھی عادلانہ ہونا چاہیے۔

جاری کردہ

(ایوب بیگ مرزا)
ناظم نشرواشاعت تنظیم اسلامی
0321-4893436

# TANZEEM E ISLAMI

**PRESS RELEASE:** 22 May 2020

**The terrorist organization, Daesh, created by the West demonstrated colossal brutality and savagery by attacking the Kabul hospital.**

**(Hafiz Aakif Saeed)**

**Lahore (PR): "The terrorist organization, Daesh, created by the West demonstrated colossal brutality and savagery by attacking the Kabul hospital."**

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Hafiz Aakif Saeed**, in a statement. He said that the US President, Donald Trump, has revealed on various occasions that the terrorist organization named Daesh was created under the supervision of previous US administrations. The Ameer lamented that it is a matter of great injustice and malice that our secular columnists are trying to impose the fake narrative that the Afghan Taliban were behind this vicious and inhumane act, despite the fact that USA has recognized that the Afghan Taliban had nothing to do with this brutal incident and the Afghan Taliban themselves have vehemently condemned this act of brutal savagery. The fact of the matter is that the secular elements of our country are fuming and enraged by the scenario that after defeating the US-coalition forces, the Afghan Taliban would come into power in Afghanistan.

While commenting on the rights of minorities, the Ameer said that, in fact, most Muslims themselves are unaware of the plethora of rights that Islam has given to non-Muslims. A genuine Islamic state is responsible for safeguarding the places of worship of non-Muslims with similar vigilance as mosques. It has been made obligatory on Muslims to pay *Zakat*, while the non-Muslims pay *Jizya* (the tax on the non-Muslim population). No one is allowed to jeopardize their life, property and dignity, merely due to the fact that they are non-Muslims. The state is responsible to safeguard the life, property and dignity of everyone living in the dominion. Moreover, the non-Muslims can go to the courts of law to demand for the rights bestowed upon them by Islam.

The Ameer warned the government that it ought not give those so-called 'rights' to the non-Muslims which are not allowed by Islam, at the behest and the pressure of global powers and their personal slave called 'UNO'. He said that we strongly rebuke discriminatory or anti-Islamic attitude towards any non-Muslim minority, yet we believe that no commission constituted for the minorities ought to have the mandate to make any decision as it pleases, rather the commission should be bound to demand for their rights only in light of the *Shariat-e-Muhammadi (SAAW)* and a working mechanism must be made towards that end. He said that draining and depleting the rights of Muslims in guise of 'rights of minorities', too, would be tantamount to sheer prejudice. The Ameer concluded by asserting that, in fact, Islam instills and inculcates the notions of justice and fairness, therefore, the Muslims ought to imbibe and demonstrate the attitude of justice.

Issued by
Ayub Baig Mirza
Nazim of Press and Publications Section
Tanzeem e Islami, Pakistan
Contact: 0321 - 4893436